## پشاور کے علاقے متنی بازار میں بم دھماکے پرالطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔5، جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے متنی بازار میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں بچوں، خاتون سمیت متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکوں میں ملوث سفاک دہشت گرد ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی سازش پر عمل پیرا ہے اور بم دھماکے کر کے بے گناہ انسانوں کی قیمتی جانوں سے کھیل رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے علاقے متنی بازار میں بم دھماکے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردی کے عفریت سے ملک و قوم کو جلد از جلد نجات دلانے کیلئے تمام سرکاری وسائل کو مزید مثبت انداز میں بروئے کار لایا جائے اور دہشت گردی میں ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں سے ملک کی سرزمین کو پاک کر کے عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## پشاور کے شہر نوشہرہ میں واقع مال روڈ پر بیکری میں سیلینڈر پھٹنے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔۔5/جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے شہر نوشہرہ میں مال روڈ پر واقع بیکری میں سیلینڈر پھٹنے کے باعث متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمی افراد کو جلد و مکمل صحت یابی عطا کرے۔

☆☆☆☆☆